سوال

جب خاوند بیوی سے مجامعت کرے اور بعد میں ماہواری شروع ہوجائے توکیاجماع کے بعد غسل کرنا ضروری ہے، یاکہ ماہواری ختم ہونے کے بعد ایک بار ہی غسل کیا جائیگا؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کےلیے، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں :

جب خاوند بیوی سے مجامعت کرے اور بعد میں غسل سے قبل ہی ماہواری شروع ہوجائے تو ماہواری ختم ہونے سے قبل غسل نہیں کرے گی لیکن اگر وہ قرآن کی تلاوت کرنا چاہے تو اس کےلیے غسل جنابت کرنا ضروری ہے، کیونکہ اہل علم کے راجح قول کے مطابق جنبی شخص کےلیے قرآن مجید کی تلاوت کرنا جائز نہیں

واللہ اعلم.

اسلام سوال و جواب

11963